# طریقہ امور مہاجرت
# سے متعلق ہدایت نامہ

مجلس امور مہاجرت (امیگریشن بیورو)
وزارت قانون، جاپان

# تعارف

"پناہ گزیں کی حیثیت کے اعتراف کے ضابطے سے متعلق ہدایت نامہ" (پہلا متن) قانون انضباط مہاجرت و اعتراف حیثیت پناہ گزیں جس میں 1981 میں، جزوی ترمیم کی گئی تھی پناہ گزیں کی حیثیت اور متعلقہ امور پر منعقد کنونشن میں جاپان کی شرکت کی تعمیل میں مرتب کیا گیا تھا۔ دوسرا متن اس لیے شائع کیا گیا تھا کہ طریقۂ کار سے متعلق اصولوں میں اضافہ و ترمیم کیا جاسکے کیونکہ پرمیشن فار پرووِیشنل اسٹے سسٹم اور رفیوجی ایڈجوڈی کیشن کونسلرز سسٹم کے اضافے کے مقصد سے امیگریشن کنٹرول اینڈ رفیوجی ریکگنیشن ایکٹ میں جزوی ترمیم کرتے ہوئے ایک بل 27 مئی 2004 کو نیشنل اسمبلی کے 159ویں عام اجلاس میں منظور ہوا اور اس کا نفاذ 2 جون 2004 کو کیا گیا۔ اور تیسرا متن عارضی پناہ سے متعلق کارروائیوں کی اضافی وضاحت کے لیے شائع کیا گیا تھا ۔ اور اب 9 جولائی 2012ء کو کی گئی امیگریشن کنٹرول اینڈ رفیوجی ریکگنیشن ایکٹ کے کچھ حصوں میں ترامیم کو مد نظر رکھ کر یہ چوتھا متن شائع کیا جا رہا ہے۔

اکتوبر 2012
امیگریشن بیورو، وزارت قانون

## مشمولات

باب 1. جاپان میں نظام اعتراف حیثیت پناہ گزیں کا خاکہ...............................................................1

باب 2. پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کسی اجنبی کو حاصل حقوق و مراعات........................... 2
1. اجازت نامۂ اقامت دائمی میں جزوی رعایت کی شرائط ..................................................................2
2. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کا اجراء ..........................................................................................2
3. کنونس برائے امور پناہ گزیناں میں مقرر مختلف حقوق ...................................................................2
باب 3. حیثیت پناہ گزیں کے اعتراف کا ضابطہ ................................................................................3
1. درخواست دینے کا ضابطہ ..........................................................................................................3
(1) درخواست دینے کی مدت..........................................................................................................3
(2) درخواست قبول کرنے والا دفتر ..................................................................................................3
(3) درخواست دینے کے لیے ضروری دستاویزات .................................................................................3
(4) حیثیت پناہ گزین کا ثبوت ..........................................................................................................4
2. عارضی اقامت کی اجازت ..........................................................................................................4
(1) عارضی اقامت کی اجازت پر قیام...............................................................................................4
(2) عارضی اقامت کی تحریری اجازت................................................................................................4
(3) عارضی اقامت کی مدت اور اس مدت کی توسیع ............................................................................4
(4) عارضی اقامت کی اجازت کی شرائط..........................................................................................4
(5) عارضی اقامت کی اجازت کی واپسی ...........................................................................................4
3. حیثیت پناہ گزیں کے تصدیق نامے کا اجراء..................................................................................5
4. اقامتی حیثیت سے متعلق اجازت .................................................................................................5

باب 4. اعتراض کی اپیل..............................................................................................................6
1. اعتراض کی اپیل داخل کرنے کے ضابطے ......................................................................................6
(1) اعتراض کی اپیل کنندہ..............................................................................................................6
(2) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کی مقررہ مدت.................................................................................6
(3) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کا دفتر ..........................................................................................6
(4) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کے لیے ضروری دستاویزات.................................................................6
2. مشیران تصفیۂ امور پناہ گزیناں کا نظام........................................................................................6
3. وزیر قانون کی طرف سے کیا گیا فیصلہ.........................................................................................7

باب 5. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں ...............................................................................................8
1. درخواست دینے کا دفتر .............................................................................................................8
2. ضروری دستاویزات...................................................................................................................8
(1) داخل کیے جانے والے دستاویزات ...............................................................................................8
(2) دکھائے جانے والے دستاویزات....................................................................................................8
3. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی قبولیت کی مدت ...........................................................................8
4. فیس .....................................................................................................................................9

باب6. عارضی پناہ کے لیے اترنے کی اجازت.....................................................................................10
1. درخواست ...........................................................................................................................10
(1) اہل افراد .............................................................................................................................10
(2) طریقۂ درخواست ...................................................................................................................10
2.درخواست کے لیے ضروری دستاویز ............................................................................................10
(1) دستاویزات جو داخل کیے جانے ہیں ..........................................................................................10
(2) دستاویزات جو دکھانے ہیں ......................................................................................................10
3. عارضی پناہ کی اجازت کے لیے تصدیق نامے کا اجراء ....................................................................10

اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے لیے انجام دی گئی خدمات کے خلاصے کا خاکہ.........................................11

# باب1. جاپان میں اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے نظام کا خاکہ

جاپان میں 1982 میں پناہ گزینوں کی حیثیت سے متعلق کنونشن (جسے سطور ذیل میں "کنونشن برائے پناہ گزیں" کہا جائے گا) اور پناہ گزیں کی حیثیت سے متعلق پروٹوکول (جسے سطور ذیل میں "پروٹوکول" کہا جائے گا) کے نفاذ کے ساتھ ہی معاہدوں کی ان دفعات کے داخلی نفاذ کے مقصد سے اعتراف حیثیت پناہ گزیں کا نظام قائم کیا گیا تھا۔ اس نظام کے تحت کوئی اجنبی جو پناہ گزیں ہو رفیوجی کی حیثیت کے اعتراف کے لیے درخواست دے سکتا ہے اور اسے وزارت انصاف کی طرف سے پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم کیا جاسکتا ہے اور وہ پناہ گزیں کی حیثیت سے اپنے لیے کنونشن برائے پناہ گزیں میں مقرر کردہ تحفظ حاصل کرسکتا ہے۔

اس ہدایت نامے میں لفظ پناہ گزیں کا مطلب وہ پناہ گزیں ہے جیسا کہ اس کی وضاحت"رفیوجی" کنونشن کی دفعہ 1 یا پروٹوکول کی دفعہ 1 میں کی گئی ہے: کوئی شخص جو نسل، مذہب، قومیت، کسی مخصوص سماجی گروہ کی رکنیت یا سیاسی نظریے سے وابستگی کی بناء پر ظلم کا نشانہ بنائے جانے کے خوف سے اس ملک سے باہر ہو جس کا وہ شہری ہے اور اپنے لیے اس ملک سے تحفظ لینے کے قابل نہیں ہے یا ایسے کسی خوف کی وجہ سے لینے کے لیے آمادہ نہیں ہے۔

اعتراف حیثیت پناہ گزیں کا طریقہ یہ تفتیش کرنا اور اس کا تعین کرنا ہے کہ کوئی اجنبی پناہ گزیں کی حیثیت دیے جانے کا اہل ہے یا نہیں ۔

## باب 2. پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کسی اجنبی کو حاصل حقوق یا مراعات

ذیل میں ان حقوق یا مراعات کی مثالیں دی جارہی ہیں جو پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کوئی اجنبی حاصل کرنے کا مستحق ہے۔

### 1. دائمی اقامت کے اجازت نامے کی شرائط میں جزوی رعایت

جب جاپان میں مقیم کوئی اجنبی مستقل قیام کی اجازت حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے مندرجہ ذیل شرائط کی تکمیل کرنی چاہیے۔

① اس کا چال چلن اچھا ہو ۔
② اس کے پاس کافی آمدنی ہو، املاک یا اپنے اخراجات پوری کرنے کی صلاحیت ہو۔

جاپان میں مقیم پناہ گزیں کی حیثیت رکھنے والا کوئی اجنبی اگر دوسری شرط پوری نہ کر رہا ہو تو اس کو وزیر قانون کی فیصلے کی بنیاد پر جاپان میں دائمی اقامت کی اجازت دی جاسکتی ہے۔

### 2. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کا اجراء

جب پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کوئی پناہ گزیں کسی غیر ملک کا سفر کرنا چاہتا ہو تو اسے پروانہ سفر برائے پناہ گزیں جاری کیا جاسکتا ہے۔ پروانہ سفر برائے پناہ گزیں رکھنے والا کوئی اجنبی پروانہ سفر میں مقرر کردہ مدت قبولیت کے اندر جتنی بار وہ چاہے جاپان سے باہر جا سکتا اور جاپان میں داخل ہوسکتا ہے۔

### 3. کنونشن برائے پناہ گزیں میں مقررہ مختلف حقوق

پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کسی اجنبی کو کنونشن برائے پناہ گزیں میں مقرر کردہ مختلف حقوق کے ضمن میں (کنونشن برائے پناہ گزیں) میں ہوئے معاہدے کے فریق ملک کے شہری کی ہی حیثیت دی جائے گی یا عام اجبنی کی حیثیت دی جائے گی۔ حکومت جاپان نیشنل پنشن پلان، چائلڈ سپورٹ الاؤنس، ویلفئر الاؤنس اور اس سے مماثل مراعات پانے والوں کی اہلیت کے ضمن میں پناہ گزینوں سے وہی سلوک کرتی ہے جیسا کہ وہ خود اپنے شہریوں کے ساتھ کرتی ہے۔

# باب 3 . اعتراف حیثیت پناہ گزیں کا ضابطہ

1. درخواست دینے کا طریقہ

(1) درخواست دینے کی مدت

ایسی کوئی شق نہیں جو اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے درخواست کی مدت کو محدود کرے۔

(2) درخواست کی قبولیت کا دفتر

اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست علاقائی مجلس مہاجرت، ضلعی دفتر مہاجرت یا اس کے ذیلی دفتر میں قبول کی جاتی ہے جس کے دائرہ اختیار میں درخواست دہندہ کا مقام رہائش وغیرہ آتے ہوں۔

درخواست دینے کی غرض سے کوئی درخواست دہندہ ذاتی طور پر حاضر ہوگا۔ تاہم اگر درخواست دہندہ کی عمر 16 سال سے کم ہے یا بیماری یا کسی اور ناگزیر سبب سے ذاتی طور پر حاضر نہیں ہوسکتا تو درخواست اس کے/کی والد یا والدہ، شوہر/بیوی، بچے یا کسی دیگر رشتے دار کی طرف سے اس کے نام سے دی جاسکتی ہے۔

علاقائی مجلس مہاجرت اورضلعی دفترمہاجرت میں دستیاب درخواستوں کی جانکاری کے لیے اس ہدایت نامہ کےآخری صفہ کامطالعہ کریں۔

(3) درخواست دینے کے لیے ضروری دستاویزات

کسی درخواست کے لیے مندرجہ ذیل دستاویزات تیار کیے جانے چاہئیں۔ کوئی اجنبی جو کسی چوٹ یا جسمانی معذوری کی وجہ سے درخواست فارم کو بھر نہیں سکتا ہو درخواست فارم بھرنے کے بجائے کسی امیگریشن انسپکٹر یا پناہ گزینوں کے تفتیش کار کو ان معاملات میں زبانی بیان دے سکتا ہے۔

(i) داخل کرنے والے دستاویزات

a. درخواست برائے اعتراف حیثیت پناہ گزیں (کاؤنٹر پر دستیاب ہے) 1 کاپی

b. یہ ظاہر کرنے والا مواد کہ درخواست دہندہ پناہ گزیں ہے (ایسا درخواست نامہ بھی شامل ہے کہ درخواست دہندہ تاکید کرے کہ پناہ گزیں کی حیثیت رکھتا ہو۔) 1 کاپی

c. تصویر (درج ذیل شرائط کے مطابق ہو اور پشت پر اپنا نام درج ہو) 2 کاپیاں
(جاپان میں قیام کی اجازت نہ لینے والے کو 3 کاپیاں چاہئیں)

(شرائط)

(a) تصویر میں درخواست دہندہ کے سوا کوئی دوسرا نہیں آتا ہو

(b) تصویر کی سائز

کونے کے حصے کے سوا درج ذیل سائز کی ہونا چاہیے (چہرہ کی سائز بال سمیت سر سے لے کر جبڑے تک)

ملی میٹر




(c) ٹوپی پہنے بغیر اور سامنے کی طرف دیکھتے ہوئے کھنچوائی گئی ہو (مذہبی یا طبی وجوہات سے ایسی تصویر داخل نہ کر پانے کی صورت میں اس وجہ پر مشتمل تشریحی دستاویز (اپنی مرضی کے کاغذ پر) داخل کیجیے۔)

(d) تصویر میں کوئی پس منظر (اور سایہ) نہیں ہو۔

(e) صاف تصویر ہو۔ (مبہم نہ ہو، گندی نہ ہو، چہرے پر سایہ نہ ہو، کپڑے یا بال سے آنکھ، ناک، منہ وغیرہ چھپا ہوا نہ ہو اور کوئی پس منظر نہ ہو۔ تفصیل کے لیے امیگریشن بیورو کی ویب سائٹ میں تصویر کے نمونوں کے حوالے کیجیے۔)

(f) داخل کرنے کے 3 مہینے کے اندر کھنچوائی گئی ہو۔ (کسی صورت میں، مثلاً ہسپتال میں زیر علاج ہے، 3 مہینے کے اندر کھنچوائی گئی تصویر داخل نہ کر پانے کی معقول وجہ ہو تو نئے سے نئی تصویر داخل کر لیجیے۔

d. پاسپورٹ یا قیام کی اجازت کا تصدیق نامہ نہ دکھا پانے والے کو اس کی وجہ پر مشتمل دستاویز

1 کاپی

2 دکھانے والے دستاویزات

a. وسطی اور طویل مدت کے قیام کی اجازت یافتہ فرد کو پاسپورٹ اور ریذیڈنٹ کارڈ

b. مستقل قیام کی خصوصی اجازت یافتہ فرد کو پاسپورٹ اور مستقل قیام کا خصوصی اجازت نامہ

c. وسطی اور طویل مدت کے قیام کی اجازت یافتہ فرد اور مستقل قیام کی خصوصی اجازت یافتہ فرد کے سوا فرد کو پاسپورٹ اور ایلین کارڈ

(عارضی رہائی شدہ کو عارضی رہائی کا اجازت نامہ)

d. عارضی نزول، جہاز کے عملے کے نزول، ہنگامی نزول، خطرے کی وجہ سے نزول یا عارضی پناہ کے غرض سے نزول فرد کو اس نزول کا اجازت نامہ

(4) حیثیت پناہ گزیں کا ثبوت

حیثیت پناہ گزیں کا اعتراف درخواست دہندہ کی طرف سے داخل کیے گئے مواد کی بنیاد پر کیا جائے گا۔ اس لیے خود کسی درخواست دہندہ سے ہی یہ توقع کی جائے گی کہ وہ یہ ثابت کرے کہ وہ نمایاں ثبوتوں یا متعلقہ افراد کی تصدیق کی بنیاد پر پناہ گزیں ہے۔ اور وہ مواد غیر ملکی زبان میں تیار کیا گیا ہو تو اس کا جاپانی زبان میں ترجمہ بھی ساتھ پیش کیجیے۔

اگر درخواست دہندہ کی طرف سے داخل کیے گیے مواد سے کافی ثبوتوں کا تعین نہ ہوسکے تو امور پناہ گزیں کا کوئی تفتیش کار درخواست دہندہ سے ایک انٹرویو کرکے یا سرکاری دفاتر سے مشورہ وغیرہ کے ذریعے درخواست دہندہ کے بیان کردہ حقائق کی تحقیق کرے گا اور اس کی کوشش کرے گا کہ پناہ گزیں کی حیثیت کا موزوں طور پر اعتراف کیا جاسکے۔

2. عارضی اقامت کی اجازت

اگر قانونی اقامتی حیثیت اہلیت نہ رکھنے والا کوئی اجنبی مثلاً غیر اندراج شدہ باشندہ اپنے قانونی حیثیت کو مستحکم کرنے کی غرض سے اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست دے تو اسے جاپان میں قیام کی اجازت دیدی جاتی ہے اور اسے جلاوطن کرنے کی کارروائی موقوف کردی جاتی ہے بشرطیکہ وہ بعض شرائط کی تکمیل کرتا/ کرتی مثلاً یہ کہ اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست اس کے جاپان میں اترنے کے بعد سے چھہ ماہ کے اندر (یا اس دن جب وہ اس حقیقت سے آگاہ ہوا ہو کہ وہ حالات جن کے سلسلے میں پناہ گزیں بنا ہوں، جاپان میں اس کی موجودگی کے دوران پیدا ہوئے) یا وہ جاپان میں ایسے علاقے سے داخل ہوا/ ہوئی ہو جہاں اسے ان مظالم کا سامنا کرنا پڑا ہو جن کا تعین کنونشن برائے امور پناہ گزیںناں میں کیا گیا ہے۔

یہ ضروری نہیں ہے کہ اضافی طور پر الگ سے عارضی اقامت کی اجازت کی درخواست دی جائے کیونکہ اجازت سے متعلق فیصلہ اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے درخواست دہندہ کی طرف سے داخل کیے گئے دستاویزات کی بنیاد پر کیا جاتا ہے جن میں درخواست فارم برائے اعتراف حیثیت پناہ گزیں بھی شامل ہوتا ہے۔

(1) عارضی اقامت کی اجازت کی بنیاد پر قیام

عارضی اقامت کی اجازت ملتے ہی جلا وطنی کی کارروائی عارضی طور پر موقوف کردی جاتی ہے ۔ کوئی اجنبی قانونی طور پر جاپان میں قیام کرسکتا ہے جب تک کہ عارضی قیام کی مدت کے خاتمے یا دیگر وجوہ اجازت کی مدت ختم نہ ہوجائے۔

(2) عارضی اقامت کی تحریری اجازت

عارضی اقامت کی تحریری اجازت اس اجنبی کو جاری کی جاتی ہے جسے جاپان میں عارضی قیام کی اجازت وزیر انصاف کی طرف سے ملی ہو۔ اسے اجازت کی مدت کے دوران اس دستاویز کو ہمیشہ اپنے ساتھ رکھنا ہوگا۔

(3) عارضی اقامت کی مدت اور مدت میں توسیع

اصولی طور پر عارضی اقامت کی مدت 6 ماہ ہوتی ہے

عارضی اقامت کی مدت میں توسیع کی درخواست اس کے خاتمے سے دس روز پہلے سے اصول کی جاتی ہے اور درخواست فارم ہر ایک علاقائی مجلس مہاجرت، ضلعی دفتر مہاجرت اور ذیلی دفتر سے دستیاب ہیں۔

(4) عارضی اقامت کی اجازت کی شرائط

جاپان میں عارضی اقامت کی اجازت پانے والے شخص کے مقام رہائش اور اس کے سرگرمیوں کا سلسلے بعض پابندیوں سے مشروط۔ جاپان میں اپنی سرگرمیوں کے تعلق سے اسے مختلف شرائط کی پابندی کرنی ہوگی مثلا یہ کہ اس کے لیے روز گار سے وابستگی ممنوع ہوگی اور یہ کہ تفتیش کا یہ امور پناہ گزینوں کی درخواست پر اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے اعتراف کی کارروائیوں میں تعاون کے لیے اس کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ کسی مخصوص مقام پر حاضر رہے۔

(5) عارضی اقامت کی اجازت کی واپسی یا منسوخی

اگر جاپان میں عارضی اقامت کی اجازت پانے والا مقررہ شرائط کی خلاف ورزی کرتا/ کرتی ہے، اگر وہ خود کو پناہ گزیں تسلیم کرانے کے لیے بے ایمانی سے اعلی دستاویزات داخل کرتا/کرتی ہے۔ اگر وہ جھوٹا بیان دیتا/ دیتی ہے اور اسی طرح کے ملتے جلتے ہیں۔ عارضی اقامت کی اجازت کو واپس لیا جاسکتا ہے۔

3. حیثیت پناہ گزیں کے تصدیق نامے کا اجراء

حیثیت پناہ گزیں کا تصدیق نامہ کسی ایسے اجنبی کو جاری کیا جاتا ہے جسے وزارت قانون کی طرف سے پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم کیا گیا ہو۔ پناہ گزین کی حیثیت مختلف حفاظتی انتظامات کا مطالبہ کرتے ہوئے پناہ گزیں اپنی اس حیثیت کو ثابت کرنے کے یہ تصدیق نامہ پیش کرسکتا/ سکتی ہے۔

4. اقامتی حیثیت سے متعلق اجازت

پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کوئی اجنبی اگر ابھی تک قانونی اقامتی حیثیت نہ حاصل کر پایا ہو تو کوئی مساوی اقامتی حیثیت مثلاً مخصوص توطنی باشندے کی حیثیت اسے دی جاتی ہے بشرطیکہ وہ بعض شرائط کی تکمیل کرتا/کرتی ہو مثلاً یہ کہ اس کے جاپان میں اترنے سے چھہ ماہ کے اندر اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست داخل کی گئی ہوا/ہوئی ہو جہاں اسے ان مظالم کا سامنا کرنا پڑا ہو جن کی وضاحت رفیوجی کنونشن میں کی گئی ہو۔

یہاں تک کہ اگر ان شرائط کی تکمیل نہ بھی کی گئی ہو تو اگر کسی اجنبی کو جاپان میں قیام کی اجازت دینے کی مخصوص وجوہ ہوں تو اسے استثنائی طور پر جاپان میں قیام کی اجازت دی جاسکتی ہے۔ اور ویسے 3 مہینے سے زائد مدت کے لیے جاپان میں قیام پزیر ہو جائے تو ریذیڈنٹ کارڈ (Zairyu card) جاری کیا جائے گا۔

# باب 4.   اعتراض کی اپیل

1. اعتراض کی اپیل داخل کرنے کے ضابطے

(1) اعتراض کی اپیل کنندہ

کوئی ایسا اجنبی وزیر انصاف کے پاس اپیل داخل کرسکتا ہے جسے اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست دے چکنے کے باوجود پناہ گزیں تسلیم نہ کیا گیا ہو یا جسے پناہ گزیں تسلیم کیے جانے کے بعد اس کے حیثیت پناہ گزیں کے اعتراف کو منسوخ کردیا گیا ہو۔

(2) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کی مدت

کوئی اپیل اجنبی کی حیثیت پناہ گزیں سے انکار یا حیثیت پناہ گزیں کی منسوخی کے اطلاع نامے کی وصولیابی سے سات دن کے اندر اپنی اپیل داخل کرنی چاہیے۔ تاہم، اگر کوئی ناگزیر حالات مثلاً قدرتی آفت اسے ایسا کرنے سے روکیں تو وہ 7 دن گذر جانے کے بعد بھی اپیل داخل کر سکتا ہے۔

(3) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کا دفتر

جیسا کہ پناہ گزیں کی حیثیت کے اعتراف سے متعلق درخواست میں ہوتا ہے کوئی اپیل علاقائی مجلس مہاجرت، ضلع دفتر یا اس ذیلی دفتر میں داخل کی جا سکتی ہے جس کے دائرہ اختیار میں اپیل کنندہ مقام رہائش وغیرہ آتے ہوں۔

کوئی اپیل کسی دوسرے شخص کے ذریعے یا ضروری کاغذات ڈاک کے ذریعے ارسال کرکے بھی داخل کی جا سکتی ہے۔

علاقائی مجلس مہاجرت اورضلعی دفترمہاجرت میں دستیاب اعتراض
کی اپیل کی درخواستوں کی جانکاری کے لیے اس ہدایت نامہ کےآخری صفہ کامطالعہ کریں۔

(4) اعتراض کی اپیل داخل کرنے کے لیے ضروری دستاویزات

مندرجہ ذیل دستاویزات کا داخل کیا جانا ضروری ہے:

| | |
|---|---|
| اپیل فارم | 1 کاپی |

2. نظام مشیران برائے تصفیہ امور پناہ گزیناں

وزیر قانون کے لیے ضروری ہے کہ داخل کردہ اپیلوں پر فیصلہ کرتے ہوئے مشیران تصفیہ امور پناہ گزیناں کی رائے سنے۔ مشیران تصفیہ امور پناہ گزیناں اعلیٰ درجہ کی شخصیت کا ہونا ضروری ہے اور اس کا تقرر قانونی امور یا بین الاقوامی معاملات کے علمی ماہرین میں سے ہوتا ہے جو داخل کی گئی اپیلوں پر اپنا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ اور مشیران تصفیہ امور پناہ گزینوں کو درخواست کنندہ کے اظہار رائے کے موقع پر شریک ہو کر اس سے پوچھ گچھ کرنے کا حق دیا جاتا ہے۔

3. وزیر قانون کی طرف سے کیا گیا فیصلہ

اگر وزیر قانون یہ فیصلہ کرے کہ کسی اجنبی کی اپیل معقول ہے اور وہ اس کی پناہ گزیں کی حیثیت کو تسلیم کرلیتا ہے تو حیثیت پناہ گزیں کا تصدیق نامہ اسے جاری کردیا جائے گا۔

اگر پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ اجنبی بعض شرائط کی تکمیل کرتا ہے تو معینہ توطنی شہریت جیسی اقامتی حیثیت اسے دی جاتی ہے اور اسے جاپان میں رہنے کی اجازت مل جاتی ہے۔

اگر ان شرائط کی تکمیل نہ ہوتی ہو تو بھی کسی اجبنی کو جاپان میں رہنے کی استثنائی اجازت دی جاسکتی ہے، اگر جاپان میں اس کے قیام کی اجازت کا کوئی خاصی سبب پایا جاتا ہو۔

اور جاپان میں قیام کی مدت 3 مہینے سے زائد ہو جائے تو اس درخواست کنندہ کو ریذیڈنٹ کارڈ (Zairyu card) جاری کیا جائے گا۔

## باب 5.　پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں

**جب جاپان میں مقیم پناہ گزیں کی حیثیت سے تسلیم شدہ کوئی اجنبی ملک سے باہر جانا چاہے تو اسے وزارت قانون کی طرف سے پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں جاری کیا جاسکتا ہے۔**

1. درخواست قبول کرنے والا دفتر

پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی درخواست قبول کرنے والا دفتر وہی ہے جو اعتراف حیثیت پناہ گزیں کی درخواست قبول کرتا ہے (دیکھیں باب(2).3.1) اصولاً کسی درخواست کنندہ کو ذاتی طور پر حاضر ہوکر درخواست دینی چاہیے لیکن درخواست اس کے والد یا والدہ، بیوی یا شوہر، بچے یا دوسرے رشتے دار کی طرف سے اس کے نام سے دی جاسکتی ہے بشرطیکہ درخواست دہندہ کی عمر 16 سال سے کم ہو یا وہ بیماری یا ناگزیر اسباب سے ذاتی طور پر حاضر نہ ہوسکتا ہو۔ اس صورت میں اس ایجنٹ کو پاسپورٹ یا ایلین کارڈ وغیرہ، پیدائش کے سرٹیفیکیٹ، رہائش کے سرٹیفیکیٹ وغیرہ کا مواد دکھانا ہو گا جس سے ایجنٹ کی حیثیت ثابت ہو سکے۔

2. ضروری دستاویزات

(1) داخل کیے جانے والے دستاویزات

a. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی درخواست (درخواست فارم درخواست قبول کرنے والے دفتر سے دستیاب ہے۔) 1 کاپی

b. تصویر (5 × 5 سینٹی میٹر کی، کھلے سر، پورے چہرے کی، دھڑ تک کی تصویر جو درخواست داخل کیے جانے کے دن سے چھ ماہ پہلے کھنچوائی گئی ہو اور جس کی پشت پر درخواست دہندہ کا نام اور تاریخ پیدائش درج ہوں۔) 2 کاپیاں

c. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں (پہلے جاری ہونے کی صورت میں)

d. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں جاری ہو گیا ہے لیکن دفتر میں داخل نہ کر پانے کی صورت میں اس وجہ پر مشتمل دستاویز 1 کاپی

e. پاسپورٹ یا قیام کی اجازت کا تصدیق نامہ دکھا نہ سکنے کی صورت میں اس وجہ پر مشتمل دستاویز 1 کاپی

(2) دکھائے جانے والے دستاویزات

a. تصدیق نامہ حیثیت پناہ گزیں

b. وسطی اور طویل مدت کے قیام کی اجازت یافتہ فرد کو پاسپورٹ (حکومت جاپان کا پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کے سوا) اور ریذیڈنٹ کارڈ

c. مستقل قیام کا خصوصی اجازت یافتہ فرد کو پاسپورٹ یا مستقل قیام کا خصوصی اجازت نامہ

d. وسطی اور طویل مدت کے قیام کی اجازت یافتہ فرد اور مستقل قیام کا خصوصی اجازت یافتہ فرد کے سوا فرد کو پاسپورٹ یا قیام کی اجازت کا تصدیق نامہ

(نوٹ) ایجنٹ کی طرف سے درخواست دینے کی صورت میں چونکہ کبھی ریذیڈنٹ کارڈ اور پاسپورٹ دکھانا ہوتا ہے، اس لیے ایجنٹ کو اس دستاویز کا نقل تیار کر کے اس پر ایجنٹ کے نام کے علاوہ یہ لکھ کر کہ اب ایجنٹ کی طرف سے زیر درخواست ہے، درخواست کے دوران اس نقل کو درخواست دہندہ کو دیجیے۔

3. پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی قبولیت کی مدت

پروانۂ سفر پناہ گزیں کی قبولیت کی مدت ایک سال ہوتی ہے۔ مدت قبولیت کے دوران حامل دستاویز جتنی بار چاہیے، جاپان سے باہر جا سکتا ہے، اور اس ملک میں داخل ہوسکتا ہے۔ تاہم، پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی مدت قبولیت سے قطع نظر اگر "جاپان میں داخلے کی مجاز شدہ مدت" معین ہو مثلاً اس صورت میں کہ جاپان میں مدت قیام کا بقیہ حصہ ایک سال سے کم ہو تو حامل پروانۂ سفر کے لیے ضروری ہے کہ جاپان میں داخلے کی مدت کے خاتمے سے پہلے وہ جاپان میں داخل ہوجائے۔ جاپان میں داخلے کی مجاز شدہ مدت پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کے پہلے صفحے کے لیے بند 2 میں دکھائی گئی ہے۔ پروانۂ سفر برائے پناہ

گزیں کے حامل سے ہمیشہ یہ توقع کی جاتی ہے کہ وہ یقینی بنائے کہ اس کے جاپان میں داخلے کی مجاز شدہ مدت کیا ہے اور اس مدت میں اور پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی مدت قبولیت میں اسے معاملہ نہ ہو۔

4. فیس

پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کے جاری ہونے پر ایک لازمی فیس وصول کی جائے گی۔ کسی غیر ملک میں پروانۂ سفر برائے پناہ گزیں کی مدت قبولیت میں توسیع کے لیے مطلوبہ فیس اس ملک میں رائج کرنسی میں وصول کی جائے گی۔

# باب 6. عارضی پناہ کے لیے اترنے کی اجازت

عارضی پناہ کے لیے اترنے (Disembarkation) کی اجازت امیگریشن انسپیکٹر کی طرف سے جہازوں اور کشتیوں وغیرہ پر سوار افراد کو اس وقت دی جاتی ہے جب امیگریشن انسپیکٹر یہ سمجھتا ہو کہ وہ ایسے علاقوں سے فرار ہوئے ہیں جہاں ان کی زندگی، جسم یا جسمانی آزادی کو خطرہ یا مشکل رفیوجی کنونشن میں وضاحت شدہ اسباب یا کسی دیگر اسباب سے لاحق ہے اور یہ کہ انھیں عارضی طور پر اترنے کی اجازت دینا معقول بات ہوگی اور اس لیے یہ ایسی اجازت ہوگی جو "تحفظ (علاقائی پناہ) فراہم کرنے کی غرض سے ایک قومی ہنگامی اقدام کے طور پر منظور کی گئی ہے"۔

1. درخواست

(1) اہل افراد

جہاز یا ہوائی جہاز پر سوار اجنبی افراد

(2) طریقۂ درخواست

درخواست دینے کی غرض سے درخواست کنندہ کو شخصی طور پورٹ آف انٹری پر واقع علاقائی امیگریشن بیورو میں حاضر ہونا چاہیے۔ تاہم، اگر درخواست کنندہ کی عمر 16 سال سے کم ہے یا وہ بیماری یا کسی دیگر ناگزیر اسباب سے شخصی طور پر حاضر نہ ہو سکتا ہو تو درخواست کنندہ کے باپ یا ماں، بیوی/شوہر، بیٹا/بیٹی، یا کسی دیگر رشتے دار کی طرف سے اس کے نام سے دی جاسکتی ہے۔

2. درخواست کے لیے ضروری دستاویز

(1) دستاویزات جو داخل کیے جانے ہیں

| | |
|---|---|
| a. ایلین ڈس امبارکیشن ریکارڈز (جسے عام طور پر E/D کارڈ کہا جاتا ہے۔ یہ کارڈ ہوائی جہاز کے اندر دیا جاسکتا ہے، ہوائی اڈے پر کسی ایئر لائن کاؤنٹر یا امیگریشن انسپکشن بوتھ دونوں جگہوں سے دستیاب ہے۔) | 1 کاپی |
| b. اقرارنامہ (پورٹ آف انٹری پر واقع ریجنل امیگریشن بیورو سے دستیاب؛ حیثیت سے متعلق حقائق، درخواست دینے کے اسباب وغیرہ بیان کیے جانے چاہئیں) | 1 کاپی |
| c. تصویر (اگر کوئی ہو) | 2 کاپیاں |
| d. پناہ طلبی کا جواز ثابت کرنے والا مواد (اگر کوئی ہو) | 1 کاپی |

(2) دستاویزات جو دکھانے ہیں

a. پاسپورٹ اور دیگر دستاویزات سفر (اگر کوئی ہو)

b. شناخت ظاہر کرنے والے دستاویزات (اگر کوئی ہو)

3. عارضی پناہ کی اجازت کے لیے تصدیق نامے کا اجراء

اگر معائنہ کرنے پر عارضی پناہ کے لیے اترنے کی اجازت دی جاتی ہے تو عارضی پناہ کی اجازت کا تصدیق نامہ جاری کیا جاتا ہے۔ اس تصدیق نامے میں مدتِ قیام، رہائش، ڈس امبارکیشن کی شرائط مثلاً سرگرمی کا امکان کی وضاحت کی گئی ہوتی ہے۔

اعتراف حیثیت پناہ گزیں کے لیے انجام دی گئی خدمات کے خلاصے کا خاکہ



(پناہ گزین تسلیم کے دفتر)

| | |
|---|---|
| ساپورو ریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| سینڈائی ریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| ٹوکیو ریجنل امیگریشن بیورو | رفیوجی ڈویژن |
| ناریتا ایئر پورٹ ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | انسپکشن ایڈ منسٹریشن سیکشن |
| ہانیدا ائرپورٹ ڈسڑکٹ امیگریشن آفس | انسپکشن ایڈ منسٹریشن سیکشن |
| یوکو ہاما ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | ایمپلائنمنٹ اینڈ پرماننٹ رزیڈنس ڈویژن |
| ناگویا ریجنل امیگریشن بیورو | پرماننٹ ریزیڈنس ڈویژن |
| چو بو ایئر پورٹ امیگریشن آفس | انسپکشن ایڈ منسٹریشن سیکشن |
| اوسا کا ریجنل امیگریشن بیورو | ایمپلائنمنٹ اینڈ پرماننٹ رزیڈنس ڈویژن |
| کنسائی ایئر پورٹ ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | انسپکشن ایڈمنسٹریشن سیکشن |
| کوبے ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | اسٹیٹس ڈویژن |
| ہیرو شیما ریجنل امیگریشن بیورو | انٹری اینڈ اسٹیٹس ڈویژن |
| ٹاکاماٹسوریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| فوکواوکا ریجنل امیگریشن بیورو | انٹری اینڈ اسٹیٹس ڈویژن |
| ناہا ڈسٹرکٹ امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |

(اعتراض کی اپیل داخل کرنے کا دفتر)

| | |
|---|---|
| ساپورو ریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| سینڈائی ریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| ٹوکیو ریجنل امیگریشن بیورو | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| ناریتا ایئر پورٹ ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| ہانیدا ائرپورٹ ڈسڑکٹ امیگریشن آفس | نسپکشن ایڈمنسٹریشن سیکشن |
| یوکو ہاما ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| ناگویا ریجنل امیگریشن بیورو | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| چو بو ایئر پورٹ امیگریشن آفس | نسپکشن ایڈمنسٹریشن سیکشن |
| اوسا کا ریجنل امیگریشن بیورو | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| کنسائی ایئر پورٹ ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | نسپکشن ایڈمنسٹریشن سیکشن |
| کوبے ڈسٹرکٹ امیگریشن آفس | اسٹیٹس ڈویژن |
| ہیرو شیما ریجنل امیگریشن بیورو | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| ٹاکاماٹسوریجنل امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |
| فوکواوکا ریجنل امیگریشن بیورو | ایڈ جوڈی کیشن ڈویژن |
| ناہا ڈسٹرکٹ امیگریشن بیورو | اسٹیٹس ڈویژن |